BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

# سٹی آف برامپٹن کرونا وائرس (کووڈ-19) کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے جسمانی فاصلہ رکھنے کے لیے ایسے ضمنی قوانین کا نفاذ عمل میں لا رہا ہے جن کے تحت ہر بار خلاف ورزی پر 100,000$ تک کے جرمانے کیے جا سکیں گے

برامپٹن، آن (31 مارچ 2020) - آج میئر پیٹرک براؤن نے اپنے رہائشیوں کی صحت اور حفاظت کو یقینی بنانے میں مدد کے لیے برامپٹن کووڈ-19 ایمرجینسی میئژرز بائی لاء پر دستخط کر دیے ہیں۔ سٹی کونسل کی 25 مارچ 2020 کو منعقد ہونے والی خصوصی میٹنگ میں عملہ کو ضمنی قوانین پر عمل درآمد میں تیزی لانے کی تاکید کی گئی ہے۔ کمیونٹی میں کووڈ-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کی غرض سے اس نئے ضمنی قانون کے تحت کچھ مخصوص سرگرمیوں کو ممنوع قرار دے دیا گیا ہے جبکہ افراد کے درمیان جسمانی فاصلہ رکھنے کو لازمی قرار دیا گیا ہے۔ اس قانون کے نفاذ کے بعد آپس میں مطلوبہ جسمانی فاصلہ نہ رکھنے والے افراد پر ہر بار خلاف ورزی کی صورت میں کم از کم 500$ اور زیادہ سے زیادہ 100,000$ تک کا جرمانہ عائد کیا جا سکے گا۔

اس ضمنی قانون میں درج ذیل میونسپل قواعد شامل ہیں:

- تمام عوامی مقامات (ماسوائے جہاں لوگ آپس میں رہائش پذیر ہوں) پر لوگوں کو ایک دوسرے کے درمیان کم از کم 2 میٹر کا فاصلہ لازمی طور پر رکھنا ہو گا؛
- کاروباری اداروں کو لازمی طور پر لوگوں (ماسوائے ایک جگہ پر اکٹھے رہنے والے لوگوں) کو کاروباری جگہ کے اندر یا باہر متعلقہ مقام پر بیٹھنے یا کھڑے ہونے کے دوران آپس میں کم از کم 2 میٹر کا فاصلہ رکھنے کی پابندی کرانی ہو گی؛
- لوگوں کو سٹی کی درج ذیل میں سے کوئی بھی پراپرٹی استعمال کرنے سے منع کر دیا گیا ہے:
  - کھیلوں کے میدان اور پارکوں میں موجود ہر قسم کی سہولتیں؛
  - کتوں کے لیے پٹے وغیرہ کے بغیر گھومنے کے لیے پارکس؛
  - پکنک شیلٹرز؛
  - آؤٹ ڈور سپورٹس کی سہولت گاہیں اور آؤٹ ڈور فٹنیس کے آلات بشمول سپورٹس فیلڈز، باسکٹ بال اور ٹینس کورٹس وغیرہ؛
  - تفریحی مراکز اور ان کے ارد گرد کے مقامات؛ اور
  - پارکنگ لاٹس۔

سٹی، برامپٹن کے رہائشیوں کو باخبر رکھنے کے لیے پرعزم ہے اور کووڈِ-19 کے خلاف اپنی کاروائیوں کے حوالے سے تازہ ترین خبریں موصول ہوتے ہی فراہم کرتا رہے گا۔ مندرجہ بالا فیصلوں اور کرونا وائرس کے ردعمل میں کمیونٹی کو معاونت فراہم کرنے کی سٹی کی تمام کوششوں کے متعلق مزید معلومات کے لیے http://www.brampton.ca/COVID19 ملاحظہ کریں یا فالو کریں CityBrampton@ ٹویٹر، فیس بک اور انسٹاگرام۔

**فوری حقائق:**

- 25 مارچ 2020 کو کوووڈ-19 ٹیلی ٹاؤن ہال میں 15,708 افراد پر مشتمل شرکاء میں سے 76 فیصد نے رائے شماری کے ذریعہ اظہار کیا کہ وہ جسمانی فاصلے برقرار نہ رکھنے والوں پر جرمانے عائد کرنے والے سٹی عملہ کی بھرپور حمایت کرتے ہیں۔
- 27 مارچ 2020 کو صوبہ اونٹاریو نے میونسپیلٹیز کو مشورہ دیا کہ اس نے شہر کے میونسپل لاء انفورسمنٹ افسران کو زیادہ بااختیار بنانے کے لیے قانون سازی کی ہے جس کے مطابق *ایمرجنسی مینجمنٹ اینڈ سول پروٹیکشن ایکٹ* کے تحت صوبے میں منظور شدہ قواعد و ضوابط کو نافذ کیا جاسکے۔
- مورخہ 26 مارچ سے تاحکم ثانی برامپٹن میں موجود 500 سے زیادہ تمام پارکس اور کھیل کے میدانوں کو عوام کے لیے بند کر دیا گیا ہے۔
- کووڈ-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کی کوششوں میں تیزی لانے کے ضمن میں حال ہی میں انتہائی ضروری اور غیر ضروری کاروباروں کی وضاحت کے حوالے سے بھی قانون سازی کر دی گئی ہے۔
  - اگر شہری قانون شکنی کرنے والے کسی کاروباری ادارے، بند کی جانے والی سٹی کی ملکیتی کسی سہولت گاہ (ماسوائے انتہائی ناگزیر سروسز) یا 5 سے زیادہ افراد کے اکٹھے ہونے کے بارے میں اطلاع دینا چاہتے ہوں، وہ براہ کرم 311 پر کال کریں۔ قانون کا نفاذ کرنے والا ایک افسر اور/ یا سیکورٹی اہلکار شکایت کے جائز ہونے کو یقینی بنانے کے لیے تفتیش کرے گا اور مناسب ہونے پر خلاف ورزی کرنے والوں پر قانون جرم عائد کر سکے گا۔

- اگر رہائشیوں کو قانونی کی خلاف ورزی کرنے والا کھانے پینے کی اشیاء کا کوئی ادارہ نظر آتا ہے مثلاً بار یا ریسٹورینٹ، تو ان کے بارے میں پیل پبلک ہیلتھ کو 905.799.7700 پر اطلاع دی جانی چاہیے۔

**اقتباسات**

"سٹی آف برامپٹن نے اپنے رہائشیوں کی صحت اور تحفظ کو ہمیشہ اپنی پہلی ترجیح سمجھا ہے اور موجودہ وقت میں اس کو زیادہ سنجیدہ سمجھا جا رہا ہے۔ ہم سب کو کووڈ-19 کی شدت کو سمجھنا چاہیے اور اس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے سب کو مل جل کر کام کرنا چاہیے۔ اپنی کمیونٹی کو محفوظ رکھنے کے لیے سٹی ہر طرح کی ضروری قانون سازی کرنے کا عمل جاری رکھے گا۔ میری تمام شہریوں سے گزارش ہے کہ وہ برامپٹن کووڈ-19 ایمرجینسی میئژرز کے ضمنی قانون پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں اور اپنے کے درمیان جسمانی فاصلہ برقرار رکھنے کا ہمیشہ خیال رکھیں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن کووڈ-19 ایمرجینسی میئژرز کے ضمنی قانون کا نفاذ، کووڈ-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے ہمارے عملے کے لیے لوگوں کے درمیان مطلوبہ جسمانی فاصلے کو برقرار رکھنے کو یقینی بنانے میں مددگار ثابت ہو گا۔ اپنے عملے اور رہائشیوں کی صحت اور تحفظ کو برقرار رکھنے کے لیے سٹی ہر طرح کے اقدامات اٹھانا جاری رکھے گا۔"

- *ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہم سے رابطہ کریں ٹویٹر، فیس بک اور انسٹاگرام۔ مزید جاننے کے لیے http://www.brampton.ca ملاحظہ فرمائیں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
Monika.Duggal@brampton.ca | 905-874-3426